کتب خانہ سرکاری

Rampur State Gazette.

رامپور اسٹیٹ گزٹ

بحکم اعلحضرت بندگان حضور پر نور دام اقبالہم و ملکہم

نمبر ۳۰ مطبوعہ روز شنبہ بتاریخ ۲۳ رجب المرجب ۱۳۵۸ھ مطابق ۹ ستمبر ۱۹۳۹ء جلد ۵۲

روبکار اجلاس ہمایون اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

حصہ اول

احکامِ اجلاسِ ہمایوں اعلیحضرت بندگانِ حضورِ پُرنور دام اقبالہم و ملکہم

رُوبکار:- مورخہ ۳ ستمبر ۱۹۳۹ء

دستخط اعلیحضرت بندگانحضور پُرنور دام اقبالہم و ملکہم

۳ ستمبر سے جملہ دفاتر اور عدالت ہائے کا وقت دس بجے سے چار بجے تک مقرر کیا جاتا ہے۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں

احکامِ اجلاس اسٹیٹ کونسل رامپور

حکم اسٹیٹ کونسل رامپور — واقع ۹ ستمبر ۱۹۳۹ء

تحت دفعات ۲ و ۳ و ۴ ڈیفنس آف انڈیا آرڈیننس ۱۹۳۹ء گورنمنٹ ہند۔ جس کا نفاذ ذریعہ تحفظ ہند آرڈیننس ۱۹۳۹ء ریاست رامپور ہو چکا ہے۔ آرڈرز ۲۶/۳۹ مورخہ ۲۶ اگست ۱۹۳۹ء مطبوعہ گزٹ غیر معمولی گورنمنٹ ہند اور اینمی فارینرس آرڈر ۱۹۳۹ء نافذ کردہ ہوم ڈپارٹمنٹ گورنمنٹ ہند۔ ہر دو کا نفاذ جہاں تک وہ حالات ریاست ہذا پر موثر ہیں، منظور کیا جاتا ہے۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں ایک نقل برائے اطلاع اسٹیٹ کونسل کو بھیجی جائے۔

دستخط عالی مرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر

حکم اسٹیٹ کونسل رامپور — واقع ۹ ستمبر ۱۹۳۹ء

تحت دفعہ ۲ آرڈیننس تحفظ ہند نافذ کردہ حکومت ہند جس کا نفاذ حدود ریاست ہذا میں ذریعہ تحفظ ہند آرڈیننس ۱ سنہ ۱۹۳۹ء ریاست رامپور ہو چکا ہے ڈیفنس آف انڈیا رولس (قواعد تحفظ ہند) مجریہ گورنمنٹ ہند کا نفاذ جہاں تک کہ وہ حالات ریاست ہذا پر موثر ہیں منظور کیا جاتا ہے

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں ایک نقل برائے اطلاع اسٹیٹ کونسل کو بھیجی جائے۔

دستخط عالی مرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر

حکم اسٹیٹ کونسل رامپور — واقع ۹ ستمبر ۱۹۳۹ء

تحت دفعہ ۹ رجسٹریشن آرڈیننس ۱۹۳۹ء مجریہ گورنمنٹ ہند جس کا نفاذ ذریعہ تحفظ ہند آرڈیننس ۲ ریاست رامپور ۱۹۳۹ء ہو چکا ہے، قواعد رجسٹریشن ۱۹۳۹ء مجریہ گورنمنٹ ہند ریاست ہذا میں جہاں تک کہ وہ حالات ریاست پر موثر ہیں۔ نافذ کیا جانا منظور ہے۔

تحت دفعہ ۲ (ب) افسر کمانڈنگ سے مراد عالی مرتبت صاحب چیف کمانڈنٹ بہادر ہے۔ تحت دفعہ (۴ ضمن (۳) ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ سے مراد عالی مرتبت صاحب چیف مجسٹریٹ بہادر ریاست رامپور ہے۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں، ایک نقل برائے اطلاع اسٹیٹ کونسل کو بھیجی جائے۔

دستخط عالی مرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر